ادارہ

مسافرانِ آخرت

حضرت مولانا فیض احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ:

جامعہ خیر المدارس ملتان کے استاذ الحدیث حضرت مولانا فیض احمد صاحب نوراللہ مرقدہ (مہتمم مدرسہ امداد العلوم ملتان) ۲۵ر رمضان المبارک ۱۴۲۹ھ مطابق ۲۶ر ستمبر ۲۰۰۸ء بروز جمعۃ المبارک تین بجے سہ پہر طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ حضرت مولانا فیض احمد رحمۃ اللہ علیہ موضع ''ککری''، تحصیل میلسی ضلع وہاڑی کے رہنے والے تھے۔ جامعہ خیر المدارس کے قابل فخر فرزند اور ایک متبحر عالم دین تھے۔ جامعہ خیر المدارس میں تدریس کا آغاز کیا۔ پھر جامعہ قاسم العلوم ملتان کے شیخ الحدیث اور مہتمم رہے۔ اب کئی برسوں سے جامعہ خیر المدارس میں ہی استاذِ حدیث کے منصب پر فائز تھے۔ ابن امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المحسن بخاری رحمہ اللہ اور حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ کے استاذ تھے۔ اُن کی ہمہ جہت زندگی اتباعِ سنت کا نمونہ کامل، متقی، درویش، وضع دار، کم گو اور خوش خلق انسان تھے۔ تجارت کو سنت سمجھ کر اختیار کیا۔ مکتبہ حقانیہ کے نام خوش نام سے دینی کتابوں کی اشاعت اور تجارت کر کے رزقِ حلال کمایا۔ حدیث وفقہ کی درسی کتابوں کے نہایت علمی حواشی لکھے اور تحقیق کے میدان میں اپنی خداداد صلاحیتوں کو منوایا۔ اپنی اولاد کو بھی قرآن وحدیث کا عالم بنایا اور حلال خوری کا سبق پڑھایا۔ آپ کی نمازِ جنازہ ۲۶ر رمضان المبارک بروز ہفتہ صبح ۹ بجے جامعہ خیر المدارس میں ادا کی گئی، جس میں علماء ومشائخ، حفاظ وقراء، دینی طلباء، مختلف شہروں سے آئے ہوئے آپ کے شاگردوں، عام شہریوں اور ہر طبقہ کے افراد نے شرکت کی سعادت حاصل کی۔ اللہ تعالیٰ اُن کے درجات بلند فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطاء فرمائے۔ (آمین)

حاجی جلال الدین مرحوم:

مجلس احرار اسلام ملتان کے قدیم کارکن جناب محمد یوسف باوا کے والد ماجد اور حافظ محمد علی صاحب کے نانا حاجی جلال الدین صاحب ۱۴ر اکتوبر ۲۰۰۸ء کو طویل علالت کے بعد ملتان میں انتقال کر گئے۔ مرحوم کی عمر تقریباً نوے برس تھی۔ حاجی صاحب مرحوم جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابوذر بخاری نوراللہ مرقدہ کے عقیدت مند اور آپ کے درسِ قرآن کے حاضر باش سامع تھے۔ مرحوم کی نمازِ جنازہ ابن امیر شریعت حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری مدظلہ نے پڑھائی۔ حق تعالیٰ اُن کی مغفرت فرمائیں۔ (آمین)

☆ حضرت پیر جی سید عطاء المہیمن بخاری کے رفیق سفر اور گاڑی کے ڈرائیور سعید احمد راں کی والدہ صاحبہ گزشتہ ماہ انتقال کر گئیں۔

☆ محترم محمد وسیم (۱۱/۶۔ ایل، چیچہ وطنی) کے والد گرامی غلام سرور گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔

☆ مجلس احرار اسلام احمد پور شرقیہ کے سابق امیر مولانا عطاء الرحمٰن ۲۵ر اکتوبر ۲۰۰۸ء کو انتقال کر گئے

☆ قبولہ سے تعلق رکھنے والے محترم قاری محمد اشرف (صدر مدرس، مدرسہ رحیمیہ، چک نمبر ۴۲/۱۲۔ ایل چیچہ وطنی) کے جواں سال فرزند حافظ محمد اسلم جو ذیابیطس کے مریض تھے۔ ۱۴ر اکتوبر کو انتقال کر گئے۔

قارئین سے درخواست ہے کہ تمام مرحومین کے لیے ایصالِ ثواب اور دعاء مغفرت کا اہتمام فرمائیں۔ حق تعالیٰ سب کی مغفرت اور پسماندگان کو صبر جمیل عطاء فرمائے۔ (آمین)